سوال

سات تولے سونے اور ایک تولے چاندی پر زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

میری بیوی کو حق مہر میں 5 تولے سونے کا زیور ملا اور جہیز میں 2 تولے سونے کا زیور اور 1 تولہ چاندی کا زیور اس طرح کل 7 تولہ سونا اور 1 تولہ چاندی کا زیور ہوا۔ کیا اس پر زکوۃ فرض ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسؤلہ میں زکوۃ فرض نہیں ہوتی، کیونکہ سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے ہے اور چاندی کا نصاب الگ سے ساڑھے باون تولے ہے۔ اب چونکہ نہ سونے کا نصاب مکمل ہوا ہے اور نہ ہی چاندی کا نصاب مکمل ہے، لہذا اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ نیز یاد رہے کہ زکوۃ میں چاندی کو سونے کے ساتھ اکٹھا نہیں کیا جائے گا، بلکہ دونوں کا الگ الگ نصاب شمار کیا جائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ